بخدمت جناب سیکرٹری الیکشن کمیشن آف پاکستان سیکرٹریٹ شاہراہ دستور G-5/2 اسلام آباد



محمد زبیر ولد اکرام الحق قوم آرائیں ساکن چک نمبر 249 گ ب جوڑا جالندھر تحصیل و ضلع ڈسٹرکٹ ٹوبہ ٹیک سنگھ

بنام

سرکار

<u>درخواست اعتراض در صوبائی حلقہ جات ڈسٹرکٹ ٹوبہ ٹیک سنگھ (PP-121-IV، اور PP-120-III)</u>

جناب عالی ! سائل حسب ذیل عرض گزار ہے

1- یہ کہ سائل محمد زبیر ولد اکرام الحق قوم آرائیں ساکن چک نمبر 249 گ ب جوڑا جالندھر تحصیل و ضلع ڈسٹرکٹ ٹوبہ ٹیک سنگھ کا سکونتی ہے۔ سائل ڈسٹرکٹ ٹوبہ ٹیک سنگھ کے صوبائی حلقہ PP-120 Toba Tek Singh III میں رہائش پذیر ہے سائل کا شماریاتی بلاک کوڈ 160031406 سلسلہ نمبری 3 ہے۔ سائل کا شناختی کارڈ لف درخواست ہے۔

2- یہ کہ قبل ازیں ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں سات صوبائی حلقہ جات نمبران PP-84 تا PP-91 پر مشتمل تھے۔ اب جاری شدہ نئی ابتدائی حلقہ بندیوں میں ایک صوبائی حلقہ کو ختم کر دیا گیا ہے اور الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری شدہ ابتدائی حلقہ بندیوں کے مطابق ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ کو اب چھ صوبائی حلقوں میں تقسیم کیا گیا ہے جو کہ حلقہ PP-118 تا PP-123 پر مشتمل ہیں۔

3- یہ کہ ابتدائی حلقہ بندیوں کے مطابق ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ کے صوبائی حلقوں P-120 Toba Tek P Signh -III اور PP-121 Toba Tek Singh IV کا ایریا سابقہ تین صوبائی حلقوں یعنی PP-86، PP-87 اور PP-90 پر مشتمل ہے

4- یہ کہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں موجودہ صوبائی حلقہ نمبر PP-121 کا ایریا جانب مشرق ڈسٹرکٹ فیصل آباد

2

جانب مغرب ڈسٹرکٹ جھنگ کی حدود سے ملتی ہیں۔صوبائی حلقہ PP-121 Toba Tek Sigh IV کی مشرقی حد کا اور مغربی حد درمیانی فاصلہ 70 کلومیٹر بنتا ہے۔جس کو نقشہ منسلکہ میں بر نگ سرخ ظاہر کیا گیا ہے۔

5- یہ کہ صوبائی حلقہ PP-121 Toba Tek Singh IV چٹیانہ QH اور پیر محل QH کے تین پٹوار سرکل (i) چک نمبر 332 گ ب (ii) 327 گ ب اور (iii) چک نمبر 328 گ ب شامل کیا گیا ہے جبکہ چٹیانہ QH ٹوبہ ٹیک سنگھ شہر کے نزدیک ترین ہیں جس وجہ سے اس ایریا کو صوبائی حلقہ PP-120 Toba Teh Singh -III میں شامل کیا جانا قرین انصاف وقانون ہے ایسا کرنے سے مشرق سے مغرب کے درمیان صوبائی حلقہ PP-121 Toba Tek Singh IV کا فاصلہ بہت کم ہو جائے گا اور دونوں حلقہ جات درمیان سے تقسیم ہو جائیں گے۔جس سے فاصلہ بھی کم ہو جائے گا اور عوام الناس کو اپنے حلقہ میں آسانی پیدا ہو گی جس سے ڈسٹرکٹ ٹوبہ ٹیک سنگھ کے باقی صوبائی وقومی حلقوں پر کوئی اثر نہ پڑے گا۔ جناب والا کی رپورٹ کے مطابق صوبائی حلقہ PP-121 Toba Tek Singh IV ki آبادی 379408 نفوس پر مشتمل ہے۔جبکہ مجوزہ تبدیلی کرنے سے PP-121 Toba Tek Singh-IV کی آبادی 380773 ہو جائے گی ۔ اور صوبائی حلقہ PP-120 Toba Tek Singh-III کی آبادی 362326 رہ جائے گی جو کہ آبادی کا معمولی فرق 4/5 فی صد ہے اور دونوں حلقوں کے عوام کو اپنے اپنے علاقہ میں اپنے مسائل کے حل میں عوام الناس کو بہت آسانی پیدا ہو گی۔

بحالات بالا استدعا ہے کہ درخواست اعتراض در صوبائی حلقہ جات ڈسٹرکٹ ٹوبہ ٹیک سنگھ (PP-121-IV، اور PP-120-III) حسب ضابطہ منظور فرماتے ہوئے سائل کی تجویز کردہ مندرجہ بالا اعتراض کے مطابق ڈسٹرکٹ ٹوبہ ٹیک سنگھ کے صوبائی حلقہ جات متذکرہ بالا میں ترمیم کر کے نئی حلقہ بندی جاری کی جاوے اور دیگر دادرسی جو قرین انصاف ہو بخشی جاوے

عرضے

محمد زبیر ولد اکرام الحق قوم آرائیں ساکن چک نمبر 249 گ ب
جوڑا جالندھر تحصیل وضلع ڈسٹرکٹ ٹوبہ ٹیک سنگھ
موبائل نمبر 03336649480
M. Zubair

(3)

بخدمت جناب سیکرٹری الیکشن کمیشن آف پاکستان سیکرٹریٹ شاہراہ دستور G-5/2 اسلام آباد

درخواست اعتراض در صوبائی حلقہ جات ڈسٹرکٹ ٹوبہ ٹیک سنگھ (PP-121-IV، اور PP-120-III)

بیان حلفی

بیان ازاں محمد زبیر ولد اکرام الحق قوم آرائیں ساکن چک نمبر 249 گ ب جوڑا جالندھر تحصیل وضلع ڈسٹرکٹ ٹوبہ ٹیک سنگھ اور حلفاً بیان کرتا ہوں

1- یہ کہ من مظہر نام، ولدیت و پتہ بالکل درست ہے

2- یہ کہ ضمنات درخواست کو میرے بیان حلفی کا حصہ تصور فرمایا جائے۔ اور ساتھ ملا کر پڑھا جائے۔

ضمنات درخواست میرے علم یقین سے صحیح و درست ہیں۔

ت بالا میرے علم ویقین سے صحیح و درست ہیں اور کوئی امر مخفی نہ رکھا ہے۔

الـــــــــــمحلف

محمد زبیر مذکور
M. Zubair

CH. IMRAN ALI DEO
ADVOCATE HIGH COURT
ATTESTED
OATH COMMISSIONER
DISTRICT COURTS FAISALABAD

CH. IMRAN ALI DEO ADVOCATE HIGH COURT
OATH COMMISSIONER
Date of Issue: 09-12-2016
Expires on 08-12-2019
District Courts Faisalabad